Australian Government
Department of Home Affairs

کووڈ-19 کی جانچ اورعلاج

اگر آپ کے پاس ویزا نہ بھی ہو، یا آپ اپنے ویزا کی کیفیت کے بارے میں غیر یقنی ہوں، تب بھی آپ کو صحت عامہ کی ہدایات پر عمل کرنا چاہئے۔ اگر آپ اگر آپ بیمار محسوس کررہے ہیں، تو طبی امداد حاصل کریں اور کووڈ-19 کی جانچ کروائیں۔

ریاستی اور علاقائی حکومتیں کووڈ-19 کی مفت جانچ اور علاج فراہم کررہی ہیں۔

- آسٹریلیائی دارلحکومتی خطہ
- نیو ساوتھ ویلز
- شمالی خطہ
- کوئنز لینڈ
- جنوبی آسٹریلیا
- تسمانیا
- وکٹوریہ
- مغربی آسٹریلیا

وکٹوریہ میں امیگریشن کے طبی معائنے کی سہولیات

کووڈ-19 کی اضافی پابندیوں کی وجہ سے وکٹوریہ میں امیگریشن کے تمام طبی معائنے عارضی طورپر روک دئے گئے ہیں۔ اس پر صحت عامہ سے متعلق نئے اعلانات کے مطابق نظرثانی کی جائے گی۔

میرے پاس وزٹر ویزا یا الیکٹرانک ٹریول اتھارٹی (ETA) ہے

وزٹیر ویزا اور ETA سے آسٹریلیا میں صرف عارضی قیام کی اجازت ملتی ہے۔ اگر آپ آسٹریلیا میں قیام کے دوران اپنی کفالت میں تعاون کرنے سے قاصر ہیں تو آپ کو یہاں سے روانہ ہونے کا انتظام کرنا چاہئے، جہاں آپ جاسکتے ہیں۔ آسٹریلیا چھوڑ کر جانے کے لئے آپ کو سفری چھوٹ کے لئے درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ اپنے آبائی ملک واپس نہیں لوٹ سکتے، تو آپ کے لئے درست ویزا رکھنا اور ضرورت پڑنے پر طبی مشورہ طلب کرنا ضروری ہے۔

میرے ویزا کی میعاد کب ختم ہوگی، اس کی جانچ کرنا

اگر آپ اپنے قیام کی منظور شدہ مدت ختم ہونے کے بعد بھی آسٹریلیا میں موجود ہیں، تو آپ کا وزٹر ویزا یا ETA خود بخود ختم ہوجائے گا۔

آپ اسے درج ذیل طریقے سے جانچ کرسکتے ہیں:

- اپنے ویزا کی تفصیلات کو VEVO، myVEVO app میں، اپنے ویزا گرانٹ لیٹر میں یا اپنے ImmiAccount میں جانچ کرسکتے ہیں۔

- اپنی ETA کی میعاد ختم ہونے اور ان شرائط کو ہماری ETA جانچ کریں سروس کے ذریعہ چیک کرسکتے ہیں۔

نوٹ: اگر آپ راؤنڈ ٹرپ کروز پر آسٹریلیا سے روانہ ہوئے تھے اور واپس لوٹ آئے ہیں، تو کروز پر گزرنے والے وقت کو آسٹریلیا میں گزرا ہوا وقت شمار کیا جائے گا- یعنی، ہم آپ کو آسٹریلیا سے رخصت ہونے والا شمار نہیں کرتے ہیں۔ راؤنڈ ٹرپ کروز سے آپ کے ویزے کی قیام کی مدت دوبارہ ترتیب نہیں ہوگی۔ اپنے کروز آپریٹر یا ٹریول ایجنٹ سے یہ دریافت کرلیں کہ آیا ہم آپ کے کروز کو راؤنڈ ٹرپ کروز شمار کرتے ہیں۔

میرے ویزا کی میعاد میں توسیع

آسٹریلیائی ہجرت سے متعلق قانون کے تحت، وزٹر ویزا یا ETA کی میعاد میں توسیع کرنا ممکن نہیں ہے۔

اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینا لازمی ہے۔

بیشتر حالات میں، اگر آپ اپنی کفالت میں تعاون کرسکتے ہیں، تو آپ آسٹریلیا میں بطور مسافر (سیاح زمرہ) رہنے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ آسٹریلیا میں نئے وزٹر ویزا کی درخواست دے چکے ہیں، یہ لنک ملاحظہ کریں وزٹر ویزا پروسیسنگ کے انتظامات۔

اگر آپ کے وزٹر ویزا کی میعاد ختم ہو رہی ہے، سفری پابندیوں کی وجہ سے آپ اپنے گھر واپس نہیں لوٹ سکتے ہیں اور آپ دوسرے ویزا کے لوازمات کو پورا نہیں کرسکتے ہیں، تو آپ کووڈ-19 کی وباء کا ویزا حاصل کرنے کے اہل ہوسکتے ہیں۔ آپ کو یہ بتانا کرنا ضروری ہوگا کہ آپ بشمول وزٹر ویزا دوسرے ویزا کے لوازمات کو پورا کیوں نہیں کرسکتے۔ اس میں یہ بیان اور ثبوت شامل ہوسکتا ہے کہ آپ کے پاس ویزا کی درخواست فیس (VAC) ادا کرنے کے لئے کافی رقم نہیں ہے۔

آپ اپنے دوسرے ویزا کے اختیارات بھی دریافت کرسکتے ہیں۔

نئے ویزا کی درخواست

ہم آپ کو ترغیب دلاتے ہیں کہ:

- جہاں ممکن ہو، ImmiAccount کے ذریعہ درخواست دیں
- اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے 4 ہفتوں پہلے درخواست نہ دیں ۔

نئے ویزا کے لئے درخواست دیتے وقت آپ کو بریجنگ ویزا دیا جاسکتا ہے، جو آپ کے آسٹریلیا میں اس وقت تک آپ کی قانونی حیثیت بحال رکھے گا جب تک کہ آپ کے نئے ویزا درخواست پر فیصلہ نہ کیا جائے۔

اگر آپ کے ویزا کے ساتھ 'مزید قیام کی ممانعت کی شرط' لگی ہوئی ہے، تو آپ کو دوسرے ویزا کے لئے درخواست دینے سے پہلے اس شرط سے چھوٹ پانے کی درخواست دینی ہوگی۔

اگر آپ کے ویزا کی میعاد ختم ہوگئی ہے، تو یہ لنک ملاحظہ کریں میرا ویزا ختم ہوچکا ہے۔

کام کرنے کی سہولت

وزٹر ویزا اور ETA حاملین کو آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

ویزا شرائط

محکمہ داخلہ یہ تسلیم کرتا ہے کہ کووڈ-19 کی سفری پابندیاں کچھ بین الاقوامی مسافروں کے اپنے منصوبے کے مطابق آسٹریلیا سے روانہ ہونے یا اپنے ویزا کی شرائط پورا کرنے میں روکاوٹ بن سکتی ہیں۔ آئندہ کسی بھی درخواست پر غور کرتے وقت ہم اس بات کو دھیان میں رکھیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کے اختیار سے باہر کے حالات آپ پر اثر انداز نہ ہوں۔

وزٹر ویزا رکھنے والوں پر آسٹریلیا میں ویزا کی درج ذیل شرائط لاگو ہوسکتی ہیں:

مزید قیام کی ممانعت کی شرط (جس میں 8503، 8534 اور 8535 شامل ہیں)

اگر آپ کے پاس مزید قیام کی ممانعت کی شرط والا ویزا ہے، تو آپ آسٹریلیا میں دوسرے بیشتر ویزے کے لئے اس وقت تک درخواست نہیں دے سکتے جب تک کہ اس شرط سے چھوٹ نہ دی جائے۔

اگر آپ دوسرے ویزا کی درخواست دینا چاہتے ہیں اور آپ کے ویزا کی میعاد 4 ہفتے سے کم مدت میں ختم ہوجائے گی، تو آپ کو اس شرط سے چھوٹ دئے جانے کی درخواست دینی ہوگی۔

اگر آپ کی درخواست منظور ہوجاتی ہے، تو اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینی چاہئے۔

شرط 8531 (قیام کی مدت ختم ہونے کے بعد لازمی طور پر آسٹریلیا میں رہنا نہیں چاہئے)

اس شرط سے رعایت نہیں دی جاسکتی، تاہم یہ آپ کو دوسرے ویزا کی درخواست دینے سے نہیں روکتی ہے۔

اگر آپ کے پاس شرط 8531 والا ویزا ہے، تو اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینی چاہئے۔

شرط 8558 (کسی بھی 18 مہینے کے عرصے میں 12 مہینے سے زیادہ مدت تک آسٹریلیا میں قیام نہیں کرسکتے)

اس شرط سے رعایت نہیں دی جاسکتی ، تاہم یہ آپ کو دوسرے ویزا کی درخواست دینے سے نہیں روکتی ہے۔

اگر آپ کے پاس شرط 8558 والا ویزا ہے، تو اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینی چاہئے۔

اگر آپ اپنے قیام کی منظور شدہ مدت ختم ہونے کے بعد بھی آسٹریلیا میں موجود ہیں، تو آپ کا ویزا خود بخود ختم ہوجائے گا۔

اگر آپ 18 مہینے کے عرصے میں 12 مہینوں سے زیادہ مجموعی مدت تک قیام کر چکے ہیں (جب تک کہ آپ نے کسی ایک سفر میں اپنے قیام کی مدت سے تجاوز نہیں کیا ہو)، تو آپ کا ویزا خود بخود ختم نہیں ہوگا۔

وزٹر ویزا پر کارروائی کے انتظامات

کووڈ-19 کی وجہ سے ویزا پروسیسنگ کے کچھ اوقات متاثر ہوئے ہیں اور درخواستوں کو مکمل کرنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

آسٹریلیا میں وزٹر ویزا کے لئے درخواست دیتے وقت آپ کو بریجنگ ویزا دیا جائے گا۔ اگر آپ کی درخواست پر ہمارے فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کےموجودہ ویزا کی میعاد ختم ہوجاتی ہے، تو بریجنگ ویزا کی میعاد شروع ہوجائے گی۔ اس سے یہ یقینی ہو جائے گا کہ آپ کا قیام قانونی طور پر درست ہے۔

نئے ویزا کے لئے آپ کی درخواست ہمارے زیر غور رہنے کے دوران آپ بریجنگ ویزا پر آسٹریلیا میں رہ سکتے ہیں۔ آپ کو بریجنگ ویزا تفویض کئے جانے کی اطلاع ملنے میں تاخیر کا سامنا ہوسکتا ہے۔ اگر آپ نے اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے نئے وزٹر ویزا کے لئے درخواست دی ہے تو، آپ کو اپنی قانونی حیثیت کے بارے میں فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں ہے، اگرچہ کہ ہم نے آپ کو بریجنگ ویزا تفویض کئے جانے کی اطلاع نہ بھیجی ہو۔

اگر ہمیں مزید معلومات چاہئے ہوں یا جب ہم اپنا فیصلہ کر لیں گے تو ہم آپ کو بتا دیں گے۔

اگر ہمارے فیصلہ کرنے سے پہلے آپ آسٹریلیا سے روانہ ہوجاتے ہیں، تو آپ اپنی درخواست واپس لے سکتے ہیں۔

ہماری طرف سے پہنچنے والے پیغامات کی جانچ کے لئے، اپنی تفصیلات اپڈیٹ کرنے کے لئے، ہمیں یہ بتانے کے لئے کہ آپ نے کوئي غلطی کی ہے یا اپنی درخواست واپس لینے کے لئے اپنےImmiAccount کا استعمال کریں۔

خدمات کی رکاوٹیں

ویزا درخواستوں پر کارروائی سے متعلق کچھ خدمات کووڈ-19 کے سبب متاثر ہوسکتی ہیں اور ہو سکتا ہے کہ متعدد دیگر خدمات جن پر ہمارا دارومدار ہے (جیسے طبی جانچ) مختصر مدت کے لئے دستیاب نہ ہوں۔ چنانچہ اس صورت میں آپ کو طبی جانچ مکمل کرنے اور مطلوبہ معلومات فراہم کرنے کے لئے اضافی وقت دیا جائے گا۔

مزید معلومات کی فراہمی

اگر آپ سے مزید معلومات فراہم کرنے کو کہا گیا ہو، تو جتنا جلدی ہوسکے، ہمیں یہ مطلوبہ معلومات اپنے ImmiAccount کے ذریعہ ارسال کریں۔

اگر آپ کو دی گئی مدت میں آپ مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کرسکتے ہیں، تو اپنے ImmiAccount میں اس کی وضاحت اپ لوڈ کریں۔ آپ کے ویزا کی درخواست پر غور کرتے وقت کسی بھی طرح کی خدمات کی رکاوٹیںزیر غور لائی جائیں گی۔ اگر مزید معلومات درکار ہوں، تو آپ کی درخواست پر فیصلہ کرنے سے پہلے ہم آپ سے دوبارہ رابطہ کریں گے۔

طبی معائنوں کے لئے ملاقات کا وقت لینا

اگر آپ کو اپنے ویزے کے لئے طبی معائنے کروانے کی ضرورت ہو، تو ہم آپ کو بتائیں گے۔ اگر آپ مطلوبہ ٹائم فریم کے اندر بوپامیڈیکل ویزا سروس سے ملاقات کا وقت حاصل کرنے سے قاصر ہیں، یا آپ کی ملاقات کا شیڈیول منسوخ کردیا گیا ہے، تو:

- اپنے ImmiAccount میں اس کی وضاحت اپ لوڈ کریں،
- جہاں ممکن ہو، آئندہ کی دستیاب تاریخ میں ملاقات کا وقت لیں،
- جب آپ کو ملاقات کا وقت مل گیا ہو، تو ہمیں اپنے ImmiAccount کے ذریعہ اپنی ملاقات کے شیڈیول کی تاریخ کے بارے میں مطلع کریں۔

آپ کے ویزا کی درخواست پر غور کرتے وقت کسی بھی خدمت کی تاخیر یا بندی کو ہم زیر غور لائیں گے۔ اگر مزید معلومات درکار ہوں، تو آپ کی درخواست پر فیصلہ کرنے سے پہلے ہم آپ سے دوبارہ رابطہ کریں گے۔

کووڈ-19 کی وباء کا ویزا

اگر آپ کے وزٹر ویزا کی میعاد ختم ہو رہی ہے، آپ فی الحال، اپنے گھر واپس لوٹنے سے قاصر ہیں اور آپ دوسرے ویزا کے لوازمات کو پورا نہیں کرسکتے ہیں، تو آپ عارضی مصروفیت (ذیلی زمرہ 408) آسٹریلیائی حکومت سے توثیق شدہ خصوصی صورتحال کے زمرہ (کووڈ-19 وباء کا ویزا) کے لئے اہل ہوسکتے ہیں۔

آپ کو یہ ظاہر کرناضروری ہوگا کہ آپ دوسرے ویزا کے لوازمات کو کیوں نہیں پورا کرسکتے ہیں۔ اس میں یہ بیان اور ثبوت شامل ہوسکتا ہے کہ آپ کے پاس ویزا کی درخواست فیس(VAC) ادا کرنے کے لئے بقدر کافی فنڈ نہیں ہے۔

اگر آپ مزید قیام کی ممانعت کی شرط سے مشروط ہیں، تو کووڈ-19 وباء کے ویزے کے لئے درخواست دینے سے قبل آپ کو اس شرط سے چھوٹ حاصل کرنا لازمی ہے۔